سوتے وقت سرمہ لگانے کا حکم اور طریقہ

مجیب: مولانا محمد سجاد عطاری مدنی

فتوی نمبر: WAT-2631

تاریخ اجراء: 21 رمضان المبارک 1445ھ / 01 اپریل 2024ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

میرا سوال یہ ہے کہ کیا رات میں سوتے وقت سرمہ لگانا سنت ہے؟ اور سرمہ لگانے کا سنت طریقہ کیا ہے؟

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَلۡجَوَابُ بِعَوۡنِ الۡمَلِکِ الۡوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ ھِدَایَۃَ الۡحَقِّ وَالصَّوَابِ

سوتے وقت سرمہ استعمال کرنا سُنَّت ہے، چنانچہ جامع ترمذی میں ہے:"عن ابن عباس، قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: خیر ما اکتحلتم بہ الاثمد، فإنہ یجلو البصر وینبت الشعر و کان لرسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مکحلۃ یکتحل بھا عند النوم ثلاثا في کل عین" ترجمہ: حضرت سیدنا عبد اللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو سرمہ تم لگاؤ ان میں بہترین اِثْمِد سرمہ ہے، کیونکہ یہ نگاہ کو روشن کرتا اور پلکیں اُگاتا ہے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ایک سرمہ دانی تھی جس میں سے سوتے وقت ہر آنکھ میں تین سلائیاں لگاتے تھے۔ (جامع الترمذی، کتاب اللباس، باب ما جاء فی الاکتحال، ج 1، ص 438، مطبوعہ لاھور)

مفتی محمد احمد یار خان نعیمی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ لکھتے ہیں: "یعنی (نبی پاک صلی اللہ علیہ والہ وسلم) رات کو سوتے وقت سرمہ لگاتے تھے، دوپہر میں سوتے وقت نہیں، سنت یہ ہی ہے کہ رات کو سوتے وقت سرمہ لگائے۔" (مراٰۃ المناجیح، ج 6، ص 180، ضیاء القرآن، لاھور)

اور سرمہ لگانے کا سنت طریقہ درج ذیل ہے:

امیر اہل سنت ابو بلال محمد الیاس عطار قادری دامت برکاتہم العالیہ تحریر فرماتے ہیں: "**سُرمہ سوتے وقت اِسْتِعْمال کرنا سُنَّت ہے**، سُرمہ اِسْتِعْمال کرنے کے تین منقول طریقوں کا خُلاصہ پیشِ خدمت ہے: (1) کبھی دونوں آنکھوں میں تین تین سَلائیاں (2) کبھی دائیں (یعنی سیدھی) آنکھ میں تین اور بائیں (یعنی اُلٹی) میں دو (3) تو کبھی دونوں آنکھوں میں دو دو اور پھر آخِر میں ایک سَلائی کو سُرمے والی کرکے اُسی کو باری باری دونوں آنکھوں میں لگایئے۔ اس طرح کر

نے سے ان شاء اللہ تینوں پر عمل ہوتا رہے گا۔۔۔ تکریم کے جتنے بھی کام ہوتے سب ہمارے پیارے آقا صلی اللہ تعالی علیہ وآلہ وسلم سیدھی جانب سے شروع کِیا کرتے، لہٰذا پہلے سیدھی آنکھ میں سُرمہ لگایئے پھر اُلٹی آنکھ میں۔"
(101 مدنی پھول، ص 27، مکتبۃ المدینہ، کراچی)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.daruliftaahlesunnat.net
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net